## سوال

(253)اللہ تعالیٰ سے قرآن کے ساتھ دعا کرنا

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

: کیا انسان کے لیے اس طرح دعا کرنا جائز ہے : اسئلک بکل اسم ہولک سمیت بہ نفسک او علمتہ احداًمن خلقک اوانزلتہ فی کتابک ۔ ۔ ۔ "اے اللہ!میں تیرے ہر اس نام کے واسطہ سے سوال کرتا ہوں جس کے ساتھ تو نے اپنی ذات گرامی کو موسوم کیا ہے یا جسے تو نے اپنی کتاب میں ذکر فرمایا ہے ۔ ۔ ۔ الخ کہ تو قرآن کے ساتھ مجھے تنگی کے بعد کشادگی 'غم کے بعد خوشی اور سختی کے بعد آسانی عطا فرما؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اس دعا میں کوئی حرج نہیں ۔ یہ دعا مسند احمد وغیرہ کی صحیح حدیث میں موجود ہے ۔ دعا کے آخری الفاظ میں بھی کوئی حرج نہیں کیونکہ قرآن مجید اللہ تعالیٰ کا کلام ہے اور اللہ تعالیٰ نے اسے شفاء 'ہدایت اور رحمت بنایا ہے ۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ اسلامیہ

# ج4ص201

محدث فتویٰ